سوال

(106)کیا عورت مسجد میں نماز پڑھ سکتی ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایسی نوجوان پردہ نشین عورت جس نے شرعی لباس زیب تن کررکھا ہواورچہرے اورہاتھوں کے سوا سارے جسم کولباس سے چھپارکھا ہو،کیا اس کے لئے تمام نمازیں مسجد میں ادا کرنا جائزہے؟کیا وہ اپنے شوہر کے ساتھ تمام نمازوں کے لئے مسجد میں جا سکتی ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جب عورت نے شرعی حجاب اختیار کررکھا ہو،اپنے چہرے اورہاتھوں کو بھی چھپارکھا ہو،خوشبواورزیب وزینت کے اظہار سے اجتناب کیا ہوتواس کے لئے مسجد میں نماز ادا کرنے میں کوئی حرج نہیں،کیونکہ نبی کریمﷺ نے فرمایا ہے کہ ''اللہ کی بندیوں کو اللہ کے گھروں سے منع نہ کرو۔''لیکن عورت کے لئے اپنے گھر میں نماز ادا کرنا افضل ہے کیونکہ حدیث مذکور کے آخر میں یہ الفاظ بھی ہیں ''اوران کے گھر ان کے لئے بہتر ہیں۔''

فتاویٰ ابن باز